**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**HIGHER SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS XI**

**ANNUAL EXAMINATIONS 2022**

**Urdu Compulsory Paper II**

**Time: 2 hours 05 minutes Marks: 60**

Annual Examinations 2022 for Teaching and Learning Only

## ہدایات

**درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔**

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور تصدیق کیجیے کہ وہ درست ہیں۔

**میں تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میرا نام اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔**

**امیدوار کے دستخط**

**خصوصی ہدایت**

2۔ اس پرچے میں کل **چار** سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

اپنا جواب تحریر کرنے کے لیے سیاہ روشنائی کا استعمال کیجیے۔ اپنے جوابات تحریر کرتے وقت پنسل کا استعمال نہ کیجیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نہ کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پِن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نہ کیجیے۔

اپنا جواب دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔ صفحے کے چَوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نہ لکھیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین () میں دیے گئے ہیں۔

## حصّہ نثر:

سوال۔1 (کل 15 نمبر)

(الف) مجموعۂ نظم و نثر میں شامل سبق 'خودکشی' اردو ادب کی کس صنف سے تعلق رکھتا ہے؟ نیز اس صنف کی وضاحت میں دو نِکات بیان کیجیے۔ (3 نمبر)

(ب) ''آمنے سامنے کھڑی بیگموں کو یکایک احساس ہوا کہ وہ ایک دوسرے کے بچوں کو سینے سے چمٹائی رو رہی ہیں۔ اِس صورتِ حال کا انکشاف اُن پر ایک ساتھ ہوا، کیوں کہ دونوں ایک ساتھ ہنسنے لگیں۔ پھر بیگم خواجہ ہنسی روک کر بولیں: ''ہائے ہم بھی کیسی پاگل ہیں۔'' ''پاگل ہو گی تو۔'' بیگم راجا بولیں اور ساتھ ہی زور کا قہقہہ مارا۔ بیگم خواجہ نے اِس قہقہے کا ساتھ دیا۔''

(مجموعۂ نظم و نثر: 'مائیں' از: احمد ندیم قاسمی)

درج بالا اقتباس کے سیاق و سباق کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے بتائیے کہ وہ کون سا نفسیاتی عنصر ہے جو 'بیگم خواجہ' اور 'بیگم راجا' کے مابین لڑائی کے خاتمے کا باعث بنا؟ نیز دونوں کرداروں کے مابین لڑائی کا سبب بننے والے واقعے کی وضاحت کیجیے۔ (3 نمبر)

Annual Examinations 2022
Teaching & Learning Only

(ج) ''مجموعۂ نظم و نثر میں شامل اشفاق احمد کے افسانے کا کردار 'چور' بیگم شکیلہ کے گھر سے پیسے چرانے کے بعد اُن پیسوں کو خرچ نہیں کر پا رہا تھا۔ اُس کا ضمیر اُسے مسلسل ملامت کرتے ہوئے اِس بات کی ترغیب دلا رہا تھا کہ وہ اِن پیسوں کو واپس کر آئے۔''

بیان کردہ صورتِ حال کے زیرِ اثر چور نے اپنے ضمیر کو مطمئن کرنے کے لیے جن افعال کا سہارا لیا اُن میں سے دو افعال کی نشان دہی کیجیے۔ نیز آخر کار چور نے اپنی اِس ظالمانہ کاروائی پر کس طرح اپنے آپ کو مطمئن کر ہی لیا؟ (3 نمبر)

(د) مرحوم کی طبیعت میں ظرافت بہت تھی۔۔۔ ایک دفعہ گورنمنٹ کالج کے چار پانچ طالبِ علم ان کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ ۔۔۔ ایک تو یہ چاروں پانچوں گل چہرہ اور نازک اندام، اِس پر بناؤ سنگار کا خاص اہتمام۔ انھوں نے آتے ہی پردے کی بحث چھیڑ دی اور ایک نوجوان کہنے لگا: ''ڈاکٹر صاحب! اب مسلمانوں کو پردہ اُٹھا دینا چاہیے۔'' ڈاکٹر صاحب مسکرا کے بولے: ''آپ عورتوں کو پردے سے نکالنا چاہتے ہیں اور میں اِس فکر میں ہوں کہ کالج کے نوجوانوں کو بھی پردے میں بٹھا دیا جائے۔''

(مجموعۂ نظم و نثر: 'علامہ اقبال' از: چراغ حسن حسرت)

ماخوذ اقتباس میں مصنف کی جانب سے علامہ اقبال کی طبیعت میں ظرافت کی عکاسی کرتا ہوا ایک واقعہ موجود ہے۔ آپ بھی اپنے مشاہدے سے اپنے کسی دوست یا رشتے دار کی ظریفانہ طبیعت کی وضاحت میں **کوئی ایک** واقعہ پیش کیجیے۔ (2 نمبر)

براہِ کرم صفحہ پلٹیے



Annual Examinations for Teaching & Learning only 2022

(ہ) ''رات کا وقت ہے۔ زور آور کی شکستہ حال جھونپڑی میں ایک طرف چوکی پڑی ہے اور اِس سے قدرے ہٹ کر ایک کرسی ہے۔ جس پر میلے کپڑوں کا ڈھیر لگا ہے۔ غاؔلب فکر مند سے چوکی کے ایک کنارے پر بیٹھے ہیں۔''

(مجموعۂ نظم ونثر: 'مرزا غالب بندر روڈ پر' از: خواجہ معین الدین)

درج بالا اقتباس فنی محاسن کے حوالے سے کس جزو (اسلوبِ تحریر) سے تعلق رکھتا ہے؟ نیز اس جزو کی تحریر میں اہمیت کو واضح کیجیے۔ (2 نمبر)

(و) ''خواجہ سید حسن نظامی کیسے خوش قسمت ہیں کہ ایسی خاموش اور عبرت انگیز جگہ میں قیام رکھتے ہیں۔''

(مجموعۂ نظم ونثر: 'مولوی انشاء اللہ خان کے نام' از: علامہ اقبال)

درج بالا عبارت میں کون سی جگہ مذکور ہے؟ نیز اس جگہ کو 'عبرت انگیز' کہے جانے کی وضاحت کیجیے۔ (2 نمبر)

Annual Examinations 2022 for Teaching & Learning only

## حصہ نظم:

سوال۔2 (کل 20 نمبر)

(الف) اصنافِ سخن 'غزل' اور 'نظم' کے مابین فرق کے حوالے سے **تین** نِکات تحریر کیجیے۔ (3 نمبر)

(ب)

شعر نمبر ۱:
مصحفی یار کے گھر کے آگے
ہم سے کتنے نگھرے بیٹھے ہیں

شعر نمبر ۲:
جس سر کو غرور آج ہے یاں تاج وری کا
کل اس پہ یہیں شور ہے پھر نوحہ گری کا

درج بالا اشعار میں سے کس شعر میں 'مطلع' اور کس شعر میں 'مقطع' کی خصوصیات پائی جاتی ہیں؟ نیز اشعار میں سے ان خصوصیات کی نشان دہی کیجیے۔ (3 نمبر)

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning only

(ج)

شمع کے مانند ہم اس بزم میں
چشمِ نم آئے تھے دامن تر چلے

علمِ بیان کی اصطلاح 'تشبیہ' کی وضاحت کیجیے۔ نیز درج بالا شعر میں تشبیہ کے اجزا 'مشبہ' اور 'مشبہ بہ' کی نشان دہی کیجیے۔
(3 نمبر)

(د)

کاوِ کاوِ سخت جانی ہائے تنہائی نہ پوچھ
صبح کرنا شام کا، لانا ہے جوئے شیر کا

درج بالا شعر کی تشریح بہ حوالۂ شاعر کیجیے۔ (3 نمبر)

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

(ہ)

جو میں سر بہ سجدہ ہوا کبھی، تو زمیں سے آنے لگی صدا
ترا دل تو ہے صنم آشنا، تجھے کیا ملے گا نماز میں

درج بالا شعر کے مرکزی خیال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے دو نِکات بیان کیجیے۔ (2 نمبر)

(و)

تیرگی چھوڑ گئے دل میں اُجالے کے خطوط
یہ ستارے مرے گھر ٹوٹ کے بے کار گرے

درج بالا شعر میں علمِ بدیع کی کون سی صنعت موجود ہے؟ نیز اُس صنعت کی تعریف بیان کرتے ہوئے دیے گئے شعر سے اُس کی وضاحت کیجیے۔ (3 نمبر)

Annual Examinations 2022
For Teaching & Learning Only

(ز)

مقام، فیضؔ، کوئی راہ میں جچا ہی نہیں
جو کوئے یار سے نکلے تو سوئے دار چلے

درج بالا شعر کا مفہوم بیان کیجیے؟ نیز شعر کے تمثیلی پیرائے کے تناظر میں اپنے مطالعے یا مشاہدے سے کوئی **ایک** جامع مثال پیش کیجیے۔ (3 نمبر)

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

## تخلیقی تحریر:

سوال۔3 (کل 15 نمبر)




دیے گئے تصویری خاکے کے پس منظر میں کہانی تحریر کیجیے۔

**ہدایات:**

1۔ کہانی نویسی کے اہم عناصر کو ملحوظ رکھیے۔ نیز اپنی تحریر کو عنوان دیجیے۔

2۔ دورِ حاضر کے واقعات کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے ہمارے یہاں ایسے لوگ جو ملکِ پاکستان کو معاشی طور پر کمزور کر رہے ہیں اور خود امیر سے امیر ترین ہوتے جا رہے ہیں کی حرکتوں کے تناظر میں اپنی تحریر کا احاطہ کیجیے۔

3۔ تصویر کی جزئیات کا بہ غور جائزہ لیتے ہوئے ایسے ملک دشمن لوگوں کا اپنے اثاثے پوشیدہ رکھنے کے طریقے اور قانون کے شکنجے سے صاف بچ نکلنے کی وجوہات شامل تحریر کیجیے۔

4۔ طنز و مزاح کی خوبی کو اپنی تحریر کا حصہ بنائیے۔

### کہانی

عنوان: ________________________________

________________________________

________________________________

________________________________

Annual Examination for Teaching & Learning

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

## مکتوب نگاری:

سوال۔4 (کل 10 نمبر)

''کوئی بھی معاشرہ اُس وقت تک قائم نہیں رہ سکتا جب تک وہاں امورِ زندگی کو چلانے کے لیے ضروری قوانین نہ بنائے جائیں، جب کہ معاشرے کی ترقی کا انحصار ان قوانین پر عمل کرنے میں ہی ہوتا ہے۔ آج دُنیا کے تمام ترقی یافتہ ممالک میں خوش حالی کی ایک بڑی وجہ قانون کا احترام ہے۔ ہمارے ہاں یہ چیز ناپید نظر آتی ہے جو کہ ایک ذہنی کیفیت اور معاشرے کی اجتماعی سوچ کی بھی عکاس ہے۔''
https://www.nawaiwaqt.com.pk

درج بالا اقتباس کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے اخبار کے مدیر کے نام خط لکھیے اور اُن کے توسط سے لوگوں کو مخاطب کرتے ہوئے درج ذیل نِکات شاملِ تحریر کیجیے:

- معاشرے کی اصلاح کے حوالے سے اخبار کی خدمات،
- معاشرتی نظام میں قانون کی پاس داری کی اہمیت،
- ہمارے معاشرے سے قانون شکنی کی مثالیں،
- قانون شکنی کے حوالے سے ذاتی مشاہدے سے ایک استدلال،
- قوانین پر عمل درآمد نہ ہونے کا بنیادی سبب،
- قوانین پر عمل پیرا معاشرے کے قیام کے لیے تجویز۔

Annual Examinations 2022
for Teaching & Learning Only

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

اختتام

# Please use this page for rough work

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

# Please use this page for rough work

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

# Please use this page for rough work

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only